Investing in Rural People

# خیبر پختونخواہ رورل اکنامک ٹرانسفارمیشن پراجیکٹ (KP-RETP)

پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ، حکومتِ خیبر پختونخواہ


PDA بلڈنگ، بلاک۔A، 4th فلور، فیز۔5 حیات آباد، پشاور

091-9217956-57

info@kpretp.gov.pk


## 1- زرعی کاروبار میں تکنیکی مہارت

- دیہی خواتین وحضرات کو 110،000 تکنیکی مہارت کی تربیت دینا۔
- 25000 کاشتکار (خواتین وحضرات) کی تربیت جن میں 30% دیہی نوجوان اور خواتین شامل ہیں۔
- کامیاب زرعی کاروبار کی ترقی کیلئے درکار افراد کی تربیت کرنا۔

## 2- پیشہ ورانہ اور تکنیکی مہارتوں کی ترقی

- 60،000 افراد خصوصی طور پر غریب اور بے روزگار افراد کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کرنا۔
- KP-TEVTA کے زریعے تربیت یافتہ 60،000 افراد میں سے 18،000 نوجوانوں کی ملازمت (اپرینٹس شپ) پروگرام۔
- 42،000 ہزار نوجوان، مرد وخواتین کیلئے خود روزگاری کے مواقع پیدا کرنا اور تربیت کی مدد سے تعاون فراہم کیا جائے گا۔
- فارغ التحصیل طلباء کے لئے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے زریعے چھ ماہ کی تربیت اور روزگار کے مواقع پیدا کیے جائیں گے۔

## 3. جاب پلیسمنٹ/انڈکشن انٹرنشپ

- پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ذریعے یونیورسٹیوں کے 25،000 گریجویٹس کیلئے جاب پلیسمنٹ اور انٹرنشپ دی جائے گی۔
- ہر گریجویٹ کے پاس 6 ماہ کی انٹرنشپ کرنے کا امکان ہوگا۔
- بھرتی کرنے والے پبلک/پرائیویٹ سیکٹر کے ادارے اور انٹرپرائز کو ایک ہی طالب علم کو 6 ماہ کی دوسری مدت کے لیے صرف اسی صورت میں رکھنے کی اجازت دی جائے گی جب وہ طالب علم کو ملازمت کی رسمی پیشکش فراہم کرے۔

## 3. موجودہ فارم سروسز سنٹر زکو کاشتکاروں کی معاونت کے زریعے فعال کرنا

- فارم سروسز سنٹرز کو کسانوں کی ضروریات کے مطابق مندرجہ زیل پہلوؤں کے لحاظ سے فعال بنائے گا
- زرعی اشیاء کی فراہمی (کھادیں، بیج، کیڑے مار ادویات، مشینری، فنی مشورہ، تصدیق شدہ فروخت کا عمل وغیرہ۔)
- کاشتکاروں کی تربیت (Skill Development)۔
- زرعی کاروبار کو فروغ دینا۔
- کاشتکاروں کی منڈیوں تک رسائی میں مدد دینا۔
- کاشتکاروں کو پرائیویٹ اداروں کے ساتھ منسلک کرنا۔

## کاشتکاروں کی تنظیم سازی کے مراحل

| مراحل | تفصیل/ بیان |
|---|---|
| زرعی کاروبار کے مشیر کی تقرری | زرعی کاروبار کی منصوبہ بندی کیلئے ایک زرعی کاروبار کے مشیر کو بھرتی کیا جائے گا۔ |
| کسانوں کو متحرک کرنا | کسانوں کا متحرک ہونا پیشہ ورانہ کسان تنظیم (PFO) کی تشکیل کا باعث ہوگا۔ |
| پیشہ ورانہ کسان تنظیم (PFO) کا قیام اور اندراج | پیشہ ورانہ کسان تنظیم (PFO) کا اندراج "کارپوریٹو سوسائٹیز ایکٹ 1992" کے تحت کیا جائے گا۔ |
| انتظامی کمیٹی | ایک سات رُکنی کمیٹی تشکیل دی جائے گی جس میں صدر، نائب صدر، جنرل سیکرٹری وغیرہ شامل ہوں گے۔ |
| کاروباری منصوبہ کی تیاری | ضروریات اور تشخیصی مطالعہ کی بنیاد پر ایک پانچ سالہ کاروباری منصوبہ تیار کیا جائے گا۔ |
| سرمایہ کاری/رقم کی منتقلی | گردشی قرضے ہر PFO کے اکاؤنٹ میں منتقل کیے جائیں گے۔ |
| رقم کا استعمال | رقم کو کاروبار کے روزمرّہ اخراجات کے لئے درکار فنڈز موسمی ضروریات، مشینری، پیداوار کے عمل میں استعمال ہونے والے وسائل یا مواد کی فراہمی اور صلاحیت سازی کی تربیت کیلئے قرضوں کی مد میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔ |

## خلاصہ

خیبر پختونخواہ رورل اکنامک ٹرانسفارمیشن پراجیکٹ (KP-RETP) حکومت خیبر پختونخواہ کا ایک اہم اقدام ہے جس کو بین الاقوامی فنڈ برائے زراعت کی ترقی (IFAD) اور یورپی یونین (EU) کے اشتراک سے دیہی معیشت کی بہتری کے لئے شروع کیا گیا ہے۔

اس منصوبہ کا مقصد 85,000 دیہی گھرانوں کی غربت میں کمی اور خوراک و غذائیت کے تحفظ میں مدد فراہم کرنا ہے۔

## KP-RETP کا جغرافیائی دائرہ کار:

**ٹارگٹ ایریا:** صوبے کے تمام ۳۶ اضلاع بشمول ضم شدہ اضلاع

**ٹارگٹ گروپ:** دیہی چھوٹے کاشتکار (12-5 ایکڑ یا 5 ہیکٹر سے کم) بے زمین گھرانے

(50% نوجوان، 25% خواتین)

"دیہی غریب کو ترجیح"

### جنوبی ایگری بزنس کلسٹر

12 اضلاع

ڈیرہ اسماعیل خان، بنوں، لکی مروت، ہنگو، کوہاٹ، اورکزئی، کرم، کرک، ٹانک، شمالی وزیرستان، جنوبی وزیرستان بالاء، جنوبی وزیرستان زیریں.

### شمالی ایگری بزنس کلسٹر

7 اضلاع

باجوڑ، دیر بالا، دیر پایان، مالاکنڈ، بونیر، سوات اور شانگلہ

### چترال ایگری بزنس کلسٹر

2 اضلاع

چترال اپر اور چترال لوئر

### مرکزی ایگری بزنس کلسٹر

7 اضلاع

پشاور، نوشہرہ، مردان، چارسدہ، صوابی، مہمند، خیبر

### مشرقی ایگری بزنس کلسٹر

8 اضلاع

ہری پور، ایبٹ آباد، مانسہرہ، بٹگرام، تورغر، کوہستان زیریں، کوہستان بالاء، کولائی پالس

### ایگریکلچر ویلیوچین

سنترے، انگور، امرود، پائن کے درخت سے حاصل ہونے والے میوے (پائن نٹ)، کھجور، لیچی، اسٹرابری، آڑو، ناشپاتی، بے موسمی سبزیاں، پھلوں کے پودے، ادویاتی اور خوشبودار پودے، چھوٹے مویشی، پھولوں کی کاشت، ورٹیکل فارمنگ، حلال گوشت اور دودھ وغیرہ۔

## کمپوننٹ

### ایگری بزنس ڈیولپمنٹ

- پیشہ ورانہ کسان تنظیموں کو فروغ
- پبلک پرائیویٹ پروڈیوسرز پارٹنرشپ (4Ps) کے زریعے ویلیو چین کی تشکیل
- موجودہ فارمرز سروس سینٹرز کی بحالی

### 1. پیشہ ورانہ کسان تنظیمیں (PFOs)

- KP-RETP کی سرگرمیوں کے چھٹے سال تک 550 PFOs قائم اور فعال کئے جائیں گے۔
- ہر PFO میں 400 پروڈیوسرز شامل ہوں گے۔
- ہر PFO پر 70:30 کے تناسب سے 70,000 سے 100,000 امریکی ڈالرز (تقریباً 22 ملین پاکستانی روپے) کی سرمایہ کاری کی جائے گی (پراجیکٹ اور ممبران/کسانوں کے اشتراک سے)۔ ایک کسان کی اوسط تخمینہ شدہ خالص آمدنی تقریباً 1000 سے 2000 امریکی ڈالرز (تقریبا 5.0 ملین پاکستانی روپے) سالانہ ہوگی۔

### 2. پبلک پرائیویٹ پروڈیوسرز پاٹنرشپ (4Ps)

- کل 20 4Ps قائم کیے جائیں گے، ہر ایک 2000 پروڈیوسرز پر مشتمل ہوگا۔
- ایک مسابقتی عمل کے زریعے اچھے تعلیم یافتہ اور تجربہ کار نجی شراکت دار کا انتخاب کیا جائے گا۔
- نجی کمپنیوں کو 3 سے 5 سالہ معاہدے میں شامل کیا جائے گا۔
- پراجیکٹ اور نجی پروڈیوسر کا حصہ بالترتیب 50:50 ہوگا۔
- اس اقدام سے فائدہ اٹھانے والے کسان کی اوسط آمدنی تقریبا 150 امریکی ڈالرز (تقریبا 40,000 پاکستانی روپے) ماہانہ بڑھائی جائے گی۔
- پراجیکٹ ہر 4P کو زیادہ سے زیادہ 500,000 امریکی ڈالرز (تقریبا 140 ملین پاکستانی روپے) تک کی مالی معاونت فراہم کرے گا۔